سوال

(555)کفارہ قسم میں کھانے کی مقدار

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

یہ تو معلوم ہے کہ کفارہ قسم دس مسکینوں کو کھانا کھلانا ہے لیکن سوال یہ ہے کہ ہر مسکین کو کتنی مقدار میں اور کس معیار کا کھانا دیا جائے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قسم کا کفارہ یہ ہے کہ دس مسکینوں کو کھانا کھلا دیا جائے یا انہیں لباس دیا جائے یا ایک غلام آزاد کر دیا جائے اور جس کو یہ یسر نہ ہو تو وہ متواتر تین روزے رکھے۔ کھانا اس اوسط درجے کا ہونا چاہیئے جو قسم کھانے والا اپنے اہل وعیال کو کھلاتا ہے کہ مسکین اس کے پاس دوپہر یا شام کا کھانا کھائیں حتیٰ کہ سیر ہو جائیں یا یہ انہیں ایک رات کا کھانا دے دے اور اس کا اندازہ نصف صاع چاول وغیرہ ہے۔ لباس کی صورت میں ایسا لباس ہونا چاہیئے جس میں نماز پڑھنی جائز ہو۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج3ص526

محدث فتویٰ